سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

رول نمبر: ____________

درجہ: عالیہ سال اول　　پرچہ: ساتواں　　مضمون: الفرائض

تاریخ: 11-02-2025　　دن: منگل　　کل وقت: 30 منٹ　　کل نمبر: 25

امتحانی سنٹر: ____________　　دستخط نگران امتحانی سنٹر: ____________　　دستخط ممتحن: ____________　　دستخط اُمیدوار: ____________

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر1: حدیث پاک میں ہے: "تم۔۔۔ سیکھو اور لوگو کو سکھاؤ کیونکہ یہ آدھا علم ہے"۔

(الف) علم الاحکام　(ب) علم الشرائع　(ج) علم الفرائض　(د) علم التوحید

سوال نمبر2: میت کے ترکہ کے ساتھ حقوق متعلق ہوتے ہیں۔

(الف) 6　(ب) 1　(ج) 4　(د) 8

سوال نمبر3: میت کا قرض۔۔۔ سے ادا کریں گے۔

(الف) مکمل مال　(ب) تہائی مال　(ج) نصف مال　(د) تجہیز و تکفین کے بعد بقیہ مال

سوال نمبر4: ترکہ کے مستحقین ہیں۔

(الف) 16　(ب) 10　(ج) 18　(د) 15

سوال نمبر5: جن لوگوں کے لیے قرآن میں وراثت کے حصے مقرر ہیں وہ۔۔۔ کہلاتے ہیں۔

(الف) عصبہ　(ب) موصی له بجميع المال　(ج) ذوی الارحام　(د) اصحاب فرائض

سوال نمبر6: جو اصحاب فرائض سے بچا ہوا مال لے وہ۔۔۔ کہلاتا ہے۔

(الف) ذوی الارحام　(ب) عصبہ　(ج) موصی له بجميع المال　(د) مولى الموالاة

سوال نمبر7: عصبہ سببیہ کے بعد مال وراثت۔۔۔۔ کو دیا جائے گا۔

(الف) مولى الموالاة　(ب) موصی له بجميع المال　(ج) اصحاب فرائض　(د) مولی العتاقہ کے مذکر عصبہ

سوال نمبر8: مولی الموالاۃ کے بعد مال وراثت۔۔۔ کو دیا جائے گا۔

(الف) موصی له بجميع المال　(ب) مقرله بالنسب على الغير

(ج) ذوی الارحام　(د) مولى الموالاة

سوال نمبر9: موانع ارث ہیں۔

(الف) 6　(ب) 2　(ج) 4　(د) 7

سوال نمبر10: اصحابِ فرائض۔۔۔ ہیں۔

(الف) 18　(ب) 12　(ج) 20　(د) 10

سوال نمبر11: عورتوں میں اصحابِ فرائض۔۔۔ ہیں۔

(الف) 9　(ب) 3　(ج) 8　(د) 10

سوال نمبر12: باپ کے حوال۔۔۔ ہیں۔

(الف) 7　(ب) 8　(ج) 3　(د) 5



CamScanner

سوال نمبر13: میت کی بیٹیاں ہوں اور بیٹا نہ ہو تو باپ کو حصہ ملے گا۔

(الف) سدس (ب) سدس مع العصبة (ج) محض عصبہ (د) محروم ہو جائے گا

سوال نمبر14: وارث بننے میں جد صحیح ۔۔۔کی طرح ہوتا ہے ماسوائے چار مسائل کے۔

(الف) بھائی (ب) باپ (ج) بیٹا (د) شوہر

سوال نمبر15: "۔۔۔هوالذی لاتدخل فی نسبتهِ الی المیت اُمٌ"

(الف) أُختٌ (ب) جدہ صحیحہ (ج) بنتٌ (د) جد صحیح

سوال نمبر16: بیوی کے احوال ہیں۔

(الف) 6 (ب) 8 (ج) 2 (د) 10

سوال نمبر17: بیٹی ایک ہو اور بیٹا نہ ہو، تو بیٹی کو ملے گا۔

(الف) 1/8 (ب) 2/3 (ج) محروم (د) 1/2

سوال نمبر18: پوتی کے احوال ہیں۔

(الف) 6 (ب) 8 (ج) 2 (د) 4

سوال نمبر19: عصبہ نسبیہ ہیں۔

(الف) 5 (ب) 7 (ج) 9 (د) 3

سوال نمبر20: عصبہ بغیرہ ہیں۔

(الف) 6 (ب) 8 (ج) 2 (د) 4

سوال نمبر21: حجب نقصان ۔۔۔ ورثہ کو لاحق ہوتا ہے۔

(الف) 4 (ب) 5 (ج) 2 (د) 8

سوال نمبر22: سہام اور رؤوس کے مابین تصحیح کے اصول ہیں۔

(الف) 5 (ب) 2 (ج) 9 (د) 3

سوال نمبر23: اگر ہر فریق کا عدد بغیر کسی کسر کے تقسیم ہو تو کسی ۔۔۔ کی ضرورت نہیں۔

(الف) تقسیم (ب) ضرب (ج) عدد (د) مخرج

سوال نمبر24: جب تصحیح میں ہر فریق کا حصہ معلوم کرنا ہو تو فریق کے اس حصہ کو ۔۔۔ میں ضرب دیں گے۔

(الف) اصل مسئلہ (ب) عدد کے سہام (ج) عدد کے وفق (د) عدد کے رؤوس

سوال نمبر25: "العول ان یزاد علی المخرج شیئی من اجزائه اذاضاق عن۔۔۔"

(الف) فرض (ب) مثل (ج) عدد (د) لیس منها

## سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ

كنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

رول نمبر:__________

درجہ: عالیہ سال اول | پرچہ: ساتواں | مضمون: الفرائض

تاریخ: 11-02-2025 | دن: منگل | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75 | جوابی کاپی نمبر:__________

## حصہ انشائیہ:

### مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: عصبہ کون ہوتے ہیں؟ سوال نمبر 2: کون سی رقیت مانع ارث ہوتی ہے؟

سوال نمبر 3: باپ کے کتنے احوال ہیں؟ فقط نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: "لَيْسَ لِلنِّسَاءِ مِنَ الوَلَاءِ إِلَّا مَا أَعْتَقْنَ أَوْ أَعْتَقَ مَنْ أَعْتَقْنَ أَوْ كَاتَبْنَ أَوْ كَاتَبَ مَنْ كَاتَبْنَ أَوْ دَبَّرْنَ أَوْ دَبَّرَ مَنْ دَبَّرْنَ أَوْ جَرَّ وَلَاءَ مُعْتَقُهُنَّ أَوْ مُعْتَقُ مُعْتَقِهِنَّ" یہ حدیث مبارکہ کس مسئلے کی دلیل ہے؟ مختصراً بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: عصبہ مع غیرہ کی تعریف اور مثال تحریر کیجئے۔ سوال نمبر 6: حجب نقصان کی تعریف کیجئے۔

سوال نمبر 7: "الفروض المقدرة في كتاب الله" قرآن پاک میں مذکورہ حصے کتنے ہیں؟ اور کون کون سے ہیں؟ فقط نام بیان کیجئے۔

سوال نمبر 8: کن مخارج کا عول آتا ہے؟ اور کن کا نہیں؟

سوال نمبر 9: دو یا دو سے زیادہ فریق پر کسر واقع ہو اور عدد رؤوس کے مابین نسبت توافق ہو تو مسئلہ کیسے حل کریں گے؟

سوال نمبر 10: تصحیح میں ہر فرد کا حصہ معلوم کرنے کے لیے بیان کردہ دوسرا قاعدہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 11: جب ہر فرد کا حصہ معلوم کرنا ہو اور تصحیح اور ترکہ کے مابین نسبت توافق ہو تو ترکہ کو کیسے تقسیم کریں گے؟

سوال نمبر 12: قرض خواہوں کے قرض کی ادائیگی ترکہ میں سے کیسے کریں گے؟ مختصر نوٹ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 13: تخارج کا طریقہ کار بیان کیجئے۔

سوال نمبر 14: "ثم مسائل الباب على أقسام أربعة: أحدها أن يكون في المسئلة جنس واحد ممن يرد عليه عند عدم من لا يرد عليه فاجعل المسئلة من رؤوسهم" عبارت کا مفہوم واضح کیجئے۔

سوال نمبر 15: مسئلہ اکدریہ کیا ہے؟

سوال نمبر 16: اگر اصل مسئلہ اور "مافي اليد" کے درمیان نسبت توافق ہو تو مسئلہ کیسے حل کریں گے؟

سوال نمبر 17: ذوی الارحام کی تعریف کیجئے اور ذوی الارحام کی کون سی قسم میت کے زیادہ اقرب ہے؟ مفتی بہ قول ذکر کیجئے۔

سوال نمبر 18: صنف رابع والے ذوی الارحام کتنے اور کون کون سے ہیں؟

سوال نمبر 19: امام ابو یوسف کے نزدیک خنثیٰ مشکل کو کتنا حصہ ملے گا؟ مع وجہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 20: بچہ پیدا ہوتے ہی مر گیا تو کب وراثت ملے گی اور کب نہیں؟

### طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: حقیقی اور علاتی بہن کے مکمل احوال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: رد کے مسائل کی 4 قسموں کے نام لکھتے ہوئے تیسری قسم کی تعریف، وضاحت اور مثال ذکر کیجئے۔

سوال نمبر 3: مرتد کی وراثت کے احکام اقوال ائمہ کی روشنی میں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: (الف) مسئلہ بنائیے: 2 بیویاں، 6 دادیاں، 10 بیٹیاں، 7 چچا

(ب) مذکورہ مثال میں تصحیح کا کون سا قاعدہ استعمال ہوا ہے؟ مکمل قاعدہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: (الف) عول کا لغوی و اصطلاحی معنی بیان کیجئے نیز 6، 12 اور 24 کا عول کہاں تک ہو سکتا ہے؟ اور مسئلہ منبریہ کون سا مسئلہ ہے؟

(ب) مسئلہ بنائیے۔ بیوی، 2 بیٹیاں، ماں، باپ



CamScanner

# 2025

## مختصر سوالات

(1)

ہر وہ رشتہ دار جو اصحاب فرائض سے بچ جانے والے مال اور اکیلا ہونے کی صورت میں سارا مال لے عصبہ کہلاتا ہے اور یہ جز میت اور اصل میت ہوتے ہیں

(2)

رقیت کی دو اقسام ہیں (i) تامہ (ii) ناقصہ
یہ دونوں ہی موانع ارث ہیں

(3)

باپ کے تین احوال ہیں جو درج ذیل ہیں

(i) سدس (ii) سدس مع العصبہ
(iii) محض عصبہ

(4)

~~عورت کو کسی کی ولاء کا حق حاصل نہیں ہے البتہ جسے عورت نے آزاد کیا ہو~~

معتِق کی وراثت سے عورت کا کوئی مال نہیں ہے

(5)

ہر وہ مونث جو کسی دوسری مونث کی موجودگی میں عصبہ بنے جیسے سگی بہن یا علاتی بہن جب بیٹی یا پوتی کے ساتھ ملتی ہے تو عصبہ بن جاتی ہے

(6)

اس کا مطلب یہ ہے کہ ایک شخص وراثت کے زیادہ حصہ کا مستحق ہوتا ہے لیکن کسی دوسرے آدمی کی موجودگی اس کا حصے میں کمی کا باعث بن جاتی ہے

(7)

قرآن پاک میں چھ (6) فروض مقرر کیے گئے ہیں

| | | | |
|---|---|---|---|
| (i) | نصف | (ii) | ربع |
| (iii) | ثمن | (iv) | ثلثان |
| (v) | ثلث | (vi) | سدس |

(8)

جن مخارج کا عول آتا ہے

6 12 24

جن مخارج کا عول نہیں آتا

2 3 4 8

(9)

دو یا دو سے زیادہ فریق پر کسر واقع ہو اور عدد رؤوس کے درمیان توافق کی نسبت ہو تو ان میں ایک فریق کو دوسرے کے عدد میں ضرب دیں گے پھر حاصل ضرب اور تیسرے عدد رؤوس میں نسبت دیکھیں گے اگر توافق کی نسبت ہو تو حاصل ضرب کو تیسرے عدد رؤوس میں ضرب دیں گے اگر نسبت تباین ہو تو حاصل ضرب کو عدد رؤوس کے کل میں ضرب دیں گے

(10)

اگر پورے مسئلہ میں ایک فریق پر کسر واقع ہو اور فریق کے رؤوس اور سہام کے درمیان توافق یا تداخل کی نسبت ہو تو وفق رؤوس کو اصل مسئلہ

اور نیچے سہاموں میں ضرب دیں گے اور اگر مسئلہ میں عول آتا ہو تو عول میں ضرب دیں گے

(11)

جس جس فریق پر کسر واقع ہو تو عدد رؤوس اور سہام کے درمیان نسبت توافق ہو تو عدد رؤوس کا وفق محفوظ کریں اب اگر ایک ہی عدد محفوظ ہوا تو اسی کو اصل مسئلہ یا عول میں ضرب دیں گے حاصل ضرب تصحیح ہو گی پھر اسی عدد کو ہر وارث اور ہر فریق کے سہام میں ضرب دیں گے پھر ہر فریق کا حصہ افراد پر تقسیم کریں ہر ایک فرد کا حصہ ہوگا

(12)

قرضہ یا تو کسی ایک شخص کا ہوگا یا زیادہ کا اگر ایک کا ہو تو دیکھیں گے کہ قرضہ اس کے مال سے پورا ہوگا یا نہیں اگر ہوگا تو ٹھیک اگر نہیں تو صاحب حق کی مرضی ہے چاہے تو معاف کر دے ورنہ آخرت کے لیے معاملہ رہ ہوگا اگر قرضہ دو یا زیادہ افراد کا ہو تو اولویت میں دیکھیں گے کون مقدم ہے جو مقدم ہوگا پہلا اس کو دیں گے باقی دوسرے کو اگر ایک سب برابر ہیں تو قرض خواہوں کے درمیان ان کی رقم کے تناسب سے مال تقسیم ہوگا

(13)

ایسی صورت میں مسئلہ یوں بنے گا کہ جو شخص ترکہ سے معین چیز لے کر دستبردار ہو جائے اسے اصل مسئلہ بناتے وقت شامل کریں اور جب پورا مسئلہ حل ہو جائے تو اس کے جتنے سہام بنے ان کو تفریق کر دیں

(14)

مسئلہ میں موجود ورثاء من یرد علیہ ہوں اور ایک ہی جنس سے ہوں اور من لا یرد علیہ نہ ہو تو اصل مسئلہ من یرد علیہ کے عدد رؤوس کے مطابق ہوگا

* یہ رد کے چار اصولوں میں پہلا اصول ہے

(15)

اگر کسی مسئلہ میں شوہر ماں دادا ایک حقیقی بہن مذکورہ چار افراد جمع ہو جائیں تو یہ مسئلہ اکدریہ ہوگا اس کو اکدریہ اس لیے کہا جاتا ہے یہ بنی اکدر کی عورت کا ساتھ پیش آیا

(16)

اگر مافی الید اور اصل مسئلہ میں توافق کی نسبت ہو تو دونوں کا وفق نکال لیں گے پھر اصل مسئلہ کے وفق کو چار جگہ ضرب دیں گے

(i) بالمقابل لکھے گئے مافی الید میں (ii) اوپر مافی الید میں

(iii) اوپر اصل مسئلہ میں (iv) اوپر ورثاء کے سہاموں میں

اور مافی الید کو دو جگہ ضرب دیں گے (i) اصل مسئلہ میں (ii) سہاموں میں

(17)

ہر وہ رشتہ دار جو نہ ذوی الفروض ہو اور نہ ہی عصبہ ہو ذوالارحام ہوگا ان میں میت کے قریب تر ہیں پہلی قسم پھر دوسری پھر تیسری پھر چوتھی ہے وہی ترتیب ہے جو طول میں ہے

(18)

چوتھی قسم کے وہ لوگ ہیں جو میت کے دادا دادی نانا نانی کی اولاد ہیں چوتھی قسم میں چار افراد کی اولاد شامل ہوگی دادا دادی نانا نانی

(19)

امام ابو یوسف کے نزدیک خنثیٰ کے لیے (پون) حصہ ہوگا کیونکہ اگر لڑکا ہوتا تو ایک لڑکی ہوتا تو آدھا لہذا وہ خنثیٰ ہے تو پون حصہ ملے گا جو کہ درمیانہ ہے کیونکہ وہ خود بھی درمیانہ ہے

(20)

اگر سینہ زندہ رہ کر نکل آیا تو وارث ہوگا اگر سینہ نکلنے سے پہلے مر گیا تو وارث نہیں ہوگا پاؤں کی طرف سے ناف کا اعتبار کیا گیا ہے ناف ظاہر ہونے تک زندہ تھا حصہ ملے گا ورنہ نہیں ملے گا

سالانہ امتحان2024ء/1445ھ
کنزالمدارس بورڈ پاکستان

رول نمبر:________

درجہ: عالمیہ سال اول　　پرچہ: ساتواں　　مضمون: الفرائض

تاریخ: 20-02-2024　　دن: منگل　　کل وقت: 30 منٹ　　کل نمبر: 25

مرکز امتحان:________ دستخط نگران مرکز امتحان:________ دستخط ممتحن:________

دستخط طالب علم:________

## حصہ اول: معروضی
## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر1: میت کے ترکہ کے ساتھ کتنے حقوق متعلق ہوتے ہیں؟
(الف)2　(ب)3　(ج)4　(د)5

سوال نمبر2: میت کے ترکے کے ساتھ سب سے پہلے کونسا حق متعلق ہوتا ہے؟
(الف) قرض کی ادائیگی　(ب) ختم کا اہتمام　(ج) غرباء کی مدد　(د) تجہیز و تکفین

سوال نمبر3: میت کی وصیت ادا کی جائے گی۔
(الف) جمیع مال سے　(ب) ثلث مال سے　(ج) کل مال سے　(د) عمل ہی نہیں کیا جائے گا

سوال نمبر4: جن لوگوں کے لیے کتاب اللہ میں حصہ مقرر ہے وہ کون ہیں؟
(الف) اصحاب الفرائض　(ب) عصبہ　(ج) مولی العتاقہ　(د) ذوی الارحام

سوال نمبر5: عصبہ کی کتنی اقسام ہیں؟
(الف)7　(ب)2　(ج)3　(د)4

سوال نمبر6: اگر ذوی الارحام بھی نہ ہوں تو مال کس کو دیا جائے گا؟
(الف) مولی العتاقہ　(ب) اصحاب الفرائض　(ج) بیت المال　(د) مولی الموالات

سوال نمبر7: مانع ارث کتنے ہیں؟
(الف)2　(ب)3　(ج)4　(د)5

سوال نمبر8: قرآن پاک میں کتنے حصے بیان کیے گئے؟
(الف)4　(ب)5　(ج)6　(د)7

سوال نمبر9: اصحاب الفرائض میں کتنے مرد ہیں؟
(الف)4　(ب)6　(ج)8　(د)10

سوال نمبر10: اصحاب الفرائض میں کتنی عورتیں ہیں؟
(الف)8　(ب)10　(ج)12　(د)14

سوال نمبر11: جب باپ کے ساتھ بیٹی یا پوتی ہو اور بیٹا یا پوتا نہ ہو تو باپ کو کیا ملے گا؟
(الف) فرض مطلق　(ب) عصبہ　(ج) عصبہ و سدس　(د) محجوب

سوال نمبر12: اخیافی بہن بھائی کے کتنے احوال ہیں؟
(الف)2　(ب)3　(ج)4　(د)5

سوال نمبر13: اخیافی بہن بھائی کن کے ساتھ محجوب ہو جاتے ہیں؟
(الف) علاتی بہن بھائی　(ب) حقیقی بہن بھائی　(ج) بیٹے اور باپ سے　(د) تینوں

سوال نمبر14: بیٹا یا پوتا ہونے کی صورت میں شوہر کو کیا حصہ ملے گا؟

(الف) نصف (ب) ثلثان (ج) ربع (د) ثمن

سوال نمبر15: اگر بیٹی ایک ہو تو اسے کیا ملے گا؟

(الف) نصف (ب) ثلثان (ج) ربع (د) عصبہ

سوال نمبر16: علاتی بہن کے کتنے احوال ہیں؟

(الف) 3 (ب) 5 (ج) 7 (د) 9

سوال نمبر17: ماں کے کتنے احوال ہیں؟

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر18: عصبہ کی کتنی اقسام ہیں؟

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر19: عصبہ بنفسہ کی کتنی اقسام ہیں؟

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر20: عصبہ بغیرہ کتنے ہیں؟

(الف) 3 مرد (ب) 4 مرد (ج) 4 عورتیں (د) 5 عورتیں

سوال نمبر21: حجب کی کتنی قسمیں ہیں؟

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر22۔۔۔کے نزدیک محروم شخص حاجب بن سکتا ہے۔

(الف) امام اعظم (ب) امام محمد (ج) امام زفر (د) حضرت عبداللہ ابن مسعود

سوال نمبر23:۔۔۔کے نزدیک محجوب شخص حاجب بن سکتا ہے۔

(الف) امام اعظم (ب) امام محمد (ج) امام ابو یوسف (د) بالاتفاق

سوال نمبر24: اگر نوع اول میں سے ربع (1/4) نوع ثانی کے بعض یا کل کے ساتھ آجائے تو مخرج کیا ہوگا؟

(الف) 6 (ب) 8 (ج) 12 (د) 24

سوال نمبر25: اگر نوع اول میں سے ثمن (1/8) نوع ثانی کے بعض یا کل کے ساتھ آجائے تو مخرج کیا ہوگا؟

(الف) 6 (ب) 8 (ج) 12 (د) 24

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

رول نمبر: ____________

جوابی کاپی نمبر: ____________

درجہ: عالمیہ سال اول | پرچہ: ساتواں | مضمون: الفرائض

تاریخ: 20-02-2024 | دن: منگل | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75

KANZUL MADARIS

## حصہ انشائیہ:

### مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: "تعلموا الفرائض وعلموها الناس فانها نصف العلم" عبارت پر اعراب لگائیے اور ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر 2: سراجی کے مصنف کا نام اور تاریخ وفات تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: "تركة" کا لغوی اور اصطلاحی معنی تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: عصبہ سببی کی تعریف کیجئے۔

سوال نمبر 5: اگر میت کا کوئی عصبہ نہ ہو تو مال وراثت جو ذوی الفروض سے بچا ہوا تھا کیسے تقسیم ہوگا؟

سوال نمبر 6: مولی الموالات کسے کہتے ہیں؟ اس کا وارث ہونے کا رتبہ کب ہوگا؟

سوال نمبر 7: "ثم الموصی له بجمیع المال" سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 8: دار (ملک، وطن) کے الگ ہونے کی شرائط تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 9: "علی التضعیف والتنصیف" عبارت کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 10: عصبہ بنفسہ کی تعریف کیجئے۔

سوال نمبر 11: حجب نقصان کے کتنے اور کون کون سے افراد ہیں؟

سوال نمبر 12: کسر کا مخرج کونسا عدد ہوتا ہے؟ واضح کیجئے۔

سوال نمبر 13: چوبیس کا عول کہاں تک ہو سکتا ہے؟

سوال نمبر 14: توافق کسے کہتے ہیں؟ مثال سے واضح کیجئے۔

سوال نمبر 15: تصحیح کا چوتھا قاعدہ مع مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 16: رد کے بارے میں زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کا موقف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 17: جد (دادا) کی بھائی کے ساتھ کیسے مشابہت ہے؟

سوال نمبر 18: مفقود کے مال کو موقوف رکھنے کی مدت کے بارے میں اختلاف ائمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 19: غرقی سے کون لوگ مراد ہیں؟

سوال نمبر 20: جب رشتہ داروں کی ایک جماعت ایک ساتھ ہی غرق ہو جائے، جل جائے یا ایک جماعت پر دیوار گر جائے اور معلوم نہ ہو کہ پہلے کون فوت ہوا اور بعد میں کون فوت ہوا، تو اب ان کی وراثت کا کیا حکم ہوگا؟

### طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: تصحیح مسئلہ میں ہر ہر فرد کا حصہ نکالنے کا طریقہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: خنثی مشکل کے وارث بننے کے بارے میں اختلاف ائمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: عصبہ کی تعریف کیجئے نیز بتائیں عصبہ بغیرہ کون سی چار عورتیں ہیں؟

سوال نمبر 4: مسئلہ حل کیجئے: 6 بنات، 3 جدات اور 3 اعمام

سوال نمبر 5: رد کی تعریف اور اقسام تفصیلا بیان کیجئے۔



CamScanner

(7)

# 2024

## مختصر سوالات:

(1)

تَعَلَّمُوا الْفَرَائِضَ وَعَلِّمُوهَا النَّاسَ فَإِنَّهَا نِصْفُ الْعِلْمِ

علم فرائض سیکھو اور سیکھاؤ کیونکہ یہ نصف علم ہے

(2)

سراجی کے مصنف کا نام علامہ سراج الدین محمد بن عبدالرشید سجاوندی حنفی ہے

آپ کا وصال 600ھ ہجری میں ہوا

(3)

ترکہ کا لغوی معنی چھوڑا ہوا ترک کیا ہوا ہے

اصطلاحی معنی یہ ہے ترکہ اس مال کو کہتے ہیں جو کسی مرنے والے نے انتقال کے وقت چھوڑا ہو

(4)

وہ عصبات جن کی عصوبت نسب کی وجہ سے نہ ہو بلکہ عتق یا موالات کی وجہ سے ہو عصبہ سببی کہلاتا ہے

(5)

اگر میت کا کوئی عصبہ نہ ہو تو ذوی الفروض سے بچا ہوا مال دوبارہ ذوی الفروض پر ہی رد کیا جائے گا لیکن یہ مال شوہر اور بیوی کو نہیں ملے گا

(6)

اس سے مراد یہ ہے کہ کوئی مجہول النسب شخص کسی معروف النسب شخص سے کہے جب میں مر جاؤں تو میرا وارث ہو گا یا کوئی قتل کروں یا جنایت کروں تو ضمان بھی تو ہی دے گا اسے مولی الموالات کہتے ہیں

اس کا وارث ہونے کا رشتہ یہ ہے کہ اگر دوسرا شخص اس کو قبول کر سکتا تو ہی وہ وارث بنے گا ورنہ نہیں

(7)

اگر مقر لہ بالنسب علی الغیر بھی نہ ہو تو مال وارثہ وہ موصی لہ بجمیع المال کو دیا جائے گا

موصی لہ بجمیع المال وہ شخص ہے جس کے لیے میت نے وصیت کی ہو کہ اس کے مرنے کے بعد سارا مال اس کو دیا جائے گا

(8)

ایک دار (ملک وطن) دوسرے سے تب مختلف ہو گا جب دونوں ملکوں کی فوج اور بادشاہ علیحدہ علیحدہ ہوں کیونکہ ایک دوسرے کی حفاظت لازم نہیں اور ایک دوسرے سے لڑائی واقع ہوتی رہتی ہے

(9)

وہ حصے جو شریعت کی طرف سے مقرر ہوں ان کو فروض کہا جاتا ہے اور وہ یہ ہیں

(i) 1/2 (ii) 1/4 (iii) 1/8

(iv) 2/3 (v) 1/3 (vi) 1/6

ان کو علی سبیل التضعیف اور علی سبیل التنصیف دونوں طریقوں سے پڑھا جاتا ہے

(10)

ہر وہ مرد جس کی میت کی طرف نسبت کرنے میں عورت درمیان میں نہ آئے عصبہ بنفسہ کہلاتا ہے

(11)

حجب نقصان کے (5) افراد ہیں اور وہ یہ ہیں

(i) شوہر (ii) بیوی (iii) ماں

(iv) پوتی (v) علاتی بہن

(12)

کسر کے نچلے حصے میں لکھے جانے والے عدد کو مخرج کہتے ہیں یہ عدد ظاہر کرتا ہے کہ کسی ایک مکمل چیز کو کل کتنے حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے

(13)

اگر اصل مسئلہ 24 ہو تو وہاں عول صرف 27 ہو سکتا ہے اس سے زیادہ یا کم ہو تو اصل مسئلہ غلط ہے

(14)

دو عددوں میں توافق یہ ہے کہ نہ تو وہ دونوں ایک جیسے ہوں اور نہ ہی ان میں سے چھوٹا عدد بڑے عدد کو پورا پورا تقسیم کر دے بلکہ ایک تیسرا عدد ان دونوں کو پورا پورا تقسیم کر دے جیسے 12 اور 15 ان کو 3 پورا پورا تقسیم کرے

(15)

اگر ایک سے زیادہ فریقوں پر کسر واقع ہو تو رؤوس وسہام کی کشوتی کے بعد رؤوس کی آپس میں نسبت دیکھیں گے اگر تماثل کی نسبت ہو تو ان میں سے ایک عدد کو لے کر اسے اصل مسئلہ میں اور نیچے سہاموں میں ضرب دیں گے جیسے اصل مسئلہ $6 \times 3 = 18$

(16)

حضرت زید بن ثابت کے نزدیک ذوی الفروض میں مال تقسیم کرنے کے بعد باقی بچا ہوا مال بیت المال میں جمع کروا دیا جائے گا، یہی موقف شوافع و مالکیہ کا ہے

(17)

دادا کی بھائی کے ساتھ درج ذیل چیزوں میں مشابہت ہے

(i) عصبہ ہونے میں یعنی دونوں عصبہ ہوتے ہیں

(ii) میت سے رشتہ کا واسطہ یعنی دونوں باپ کے واسطے سے ہوتے ہیں

(iii) محرومی کے قواعد یعنی باپ کی موجودگی میں دونوں محروم ہوتے ہیں

(18)

ظاہر الروایۃ کے نزدیک جب اس کے ہم عصر ساتھی فوت ہو گئے تو اس کو بھی فوت شدہ میں شمار کیا جائے گا

امام اعظم کے نزدیک اس کی مدت (120) سال ہے

امام محمد کے نزدیک مدت (110) سال ہے

امام ابو یوسف کے نزدیک (105) سال ہے

فتح القدیر کی رائے کے مطابق مدت (70) سال ہے

(19)

اگر کسی حادثے میں چند لوگ غرق ہو جائیں اور معلوم نہ ہو ان میں سے پہلا کون مرا بعد میں کون تو یہ لوگ غرقی کہلائیں گے

(20)

یہ آپس میں ایک دوسرے کے وارث تو نہیں ہوں گے البتہ ان کا مال ان کے ورثاء میں تقسیم کر دیا جائے گا

**سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

KANZUL MADARIS BOAR

رول نمبر: __________

درجہ: عالمیہ سال اول — پرچہ: چوتھا — مضمون: الفرائض

تاریخ: 28-02-2023 — دن: منگل — کل وقت: 30 منٹ — کل نمبر: 25

دستخط طالب علم: __________

مرکز امتحان: __________ دستخط نگران مرکز امتحان: __________ دستخط ممتحن: __________

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: سراجی کے مصنف کا سن وفات ہے۔

(الف) 500ھ — (ب) 600ھ — (ج) 700ھ — (د) 800ھ

سوال نمبر 2: علم فرائض کے ارکان ہیں۔

(الف) 3 — (ب) 4 — (ج) 5 — (د) 6

سوال نمبر 3: ترکہ کے ساتھ متعلق تیسرا حق ہے۔

(الف) قرض — (ب) وصیت — (ج) ایصال ثواب — (د) تقسیم

سوال نمبر 4: علاتی بہنوں کے احوال ہیں۔

(الف) 5 — (ب) 6 — (ج) 7 — (د) 8

سوال نمبر 5: جب میت کا بیٹا یا پوتا موجود ہو تو باپ کو ملتا ہے۔

(الف) $\frac{1}{6}$ — (ب) عصبہ — (ج) مذکورہ دونوں — (د) $\frac{1}{3}$

سوال نمبر 6: مرد اور عورت کا حصہ برابر ہوتا ہے۔

(الف) عینی بہن بھائیوں میں — (ب) علاتی میں — (ج) اخیافی میں — (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 7: ایک بیٹی کی موجودگی میں پوتی کو ملتا ہے۔

(الف) $\frac{1}{2}$ — (ب) $\frac{1}{3}$ — (ج) $\frac{1}{6}$ — (د) $\frac{2}{3}$

سوال نمبر 8: بیٹی کی موجودگی میں میت کی عینی بہنوں کو ملتا ہے۔

(الف) $\frac{1}{2}$ — (ب) $\frac{1}{3}$ — (ج) $\frac{1}{6}$ — (د) عصبہ

سوال نمبر 9: میت کی اولاد ہونے کی صورت میں شوہر کا حصہ ہے۔

(الف) عصبہ — (ب) $\frac{1}{2}$ — (ج) $\frac{1}{4}$ — (د) $\frac{1}{8}$

سوال نمبر 10: عصبہ بنفسہ ......... قسم کے افراد ہوتے ہیں

(الف) 2 قسم کے — (ب) 3 قسم کے — (ج) 4 قسم کے — (د) 5 قسم کے

سوال نمبر 11: عصبہ بغیرہ ہوتے ہیں صرف

(الف) مرد — (ب) عورتیں — (ج) مذکورہ دونوں — (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 12: مولی العتاقہ کہلاتے ہیں۔

(الف) عصبہ نسبی (ب) عصبہ سببی (ج) عصبہ بنفسہ (د) عصبہ بغیرہ

سوال نمبر 13: حجب حرمان میں ورثہ کے گروہ ہیں۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر 14: اگر قسم اول کا ربع قسم ثانی کے کل یا بعض سے ملے تو مسئلہ بنے گا۔

(الف) 8 سے (ب) 12 سے (ج) 16 سے (د) 24 سے

سوال نمبر 15: کتنے مخارج کا عول نہیں ہوتا؟

(الف) 4 (ب) 5 (ج) 6 (د) 7

سوال نمبر 16: اگر دو عدد کسی تیسرے عدد پر پورے پورے تقسیم ہوں تو اسے کہتے ہیں۔

(الف) تماثل (ب) توافق (ج) تداخل (د) تباین

سوال نمبر 17: اصحاب فرائض مردوں کی تعداد ہے۔

(الف) 4 (ب) 5 (ج) 6 (د) 8

سوال نمبر 18: "المانع من الارث........."

(الف) ثلاثة (ب) اربعه (ج) خمسه (د) سته

سوال نمبر 19: دو عینی بہنوں کی موجودگی میں علاتی بہنوں کو ملتا ہے۔

(الف) $\frac{1}{2}$ (ب) $\frac{1}{3}$ (ج) $\frac{2}{3}$ (د) محروم

سوال نمبر 20: عصبات میں وراثت کا سب سے زیادہ حق دار ہے۔

(الف) جزء جد المیت (ب) اصل میت (ج) جزء اب المیت (د) جزء میت

سوال نمبر 21: کتاب اللہ میں مذکور حصوں کی اقسام ہیں۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر 22: حجب کا لغوی معنی ہے۔

(الف) نفع (ب) نقصان (ج) منع (د) فساد

سوال نمبر 23: "الولاء لحمة کلحمة........."

(الف) النسب (ب) السبب (ج) الحسب (د) العصب

سوال نمبر 24: "تعلموا الفرائض علموها الناس فانها........."

(الف) کل العلم (ب) نصف العلم (ج) بعض العلم (د) ثلث العلم

سوال نمبر 25: اجعلوا صیغہ ہے۔

(الف) ماضی کا (ب) مضارع کا (ج) امر کا (د) نہی کا

سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ
کنزالمدارس بورڈ پاکستان

رول نمبر: ________

درجہ: عالمیہ سال اول　پرچہ: چوتھا　مضمون: الفرائض

جوابی کاپی نمبر: ________

تاریخ: 28-02-2023　دن: منگل　کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ　کل نمبر: 75

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ انشائیہ:

### مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: علم فرائض کی تعریف اور موضوع تحریر کریں۔
سوال نمبر 2: ترکہ کے ساتھ متعلق حقوق بیان کریں۔
سوال نمبر 3: عصبہ کا لغوی اور اصطلاحی معنی بیان کریں۔
سوال نمبر 4: قرآن پاک میں مقرر کردہ حصے تحریر کریں۔
سوال نمبر 5: جد صحیح کی تعریف بیان کریں۔
سوال نمبر 6: اخیافی بہن بھائیوں کے احوال تحریر کریں۔
سوال نمبر 7: عصبہ بنفسہ کی تعریف لکھیں۔
سوال نمبر 8: حجب کا معنی اور اس کی اقسام مع تعریفات تحریر کریں۔
سوال نمبر 9: محروم کے حاجب ہونے کے بارے میں صرف اختلاف ائمہ تحریر کریں۔
سوال نمبر 10: مسئلہ 12 سے بننے کی صورت تحریر کریں۔
سوال نمبر 11: کل مخارج کتنے ہیں اور کن کن میں عول نہیں آتا؟
سوال نمبر 12: تداخل اور تباین کی تعریف لکھیں اور مثالوں سے وضاحت کریں۔
سوال نمبر 13: تصحیح کی تعریف اور پہلا قاعدہ بیان کریں۔ (مثال کی ضرورت نہیں)
سوال نمبر 14: تخارج سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کریں۔
سوال نمبر 15: رد کے بارے میں صرف اختلاف ائمہ تحریر کریں۔
سوال نمبر 16: ذوی الارحام کی قسم اول سے کون لوگ مراد ہیں؟ اور ان کے بارے میں کوئی دو اصول تحریر کریں۔
سوال نمبر 17: امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک خنثی مشکل کا حصہ بیان کریں۔
سوال نمبر 18: احناف کے نزدیک حمل کی اقل اور اکثر مدت کیا ہے؟
سوال نمبر 19: مدت مفقود کے بارے میں کوئی تین اقوال تحریر کریں۔
سوال نمبر 20: مرتد کے مال کے بارے میں ائمہ احناف کا اختلاف تحریر کریں۔

### طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: اصحاب فرائض عورتیں کتنی اور کون سی ہیں؟ نیز ماں کے احوال تحریر کریں۔
سوال نمبر 2: مسئلہ حل کریں۔　2 بیویاں　6 جدات　10 بیٹیاں　7 چچے
سوال نمبر 3: مسئلہ حل کریں، نیز قاعدہ بھی تحریر کریں۔ شوہر　6 بیٹیاں
سوال نمبر 4: فصل فی الحمل کے بارے میں ایک جامع نوٹ تحریر کریں۔
سوال نمبر 5: عصبہ کی اقسام اور ان میں وراثت کی تقسیم کے بارے میں تفصیل بیان کریں۔

(4)

# 2023

## مختصر سوالات

(1)

علم فرائض کی تعریف :۔ فقہ اور حساب کے ایسے اصول جن کے ذریعے ترکہ میں سے ہر ایک کا حق معلوم ہو جائے

موضوع :۔ اس کا موضوع ترکہ اور وارث ہے

(2)

ترکہ کے ساتھ (4) اقسام کے حقوق لاحق ہوتے ہیں

(i) تجہیز و تکفین (ii) قرضہ جات کی ادائیگی

(iii) نفاذ وصیت (iv) ورثا کے درمیان تقسیم

(3)

لغوی معنی :۔ باپ کی طرف سے رشتہ داری کو عصبہ کہتے ہیں

اصطلاحی معنی :۔ ہر وہ رشتہ دار جو اصحاب فرائض سے بچ جانے والا مال لے اور اکیلا ہونے کی صورت میں سارا مال لے اسے عصبہ کہتے ہیں

(4)

قرآن پاک میں (6) حصے مقرر ہوئے ہیں

(i) 1/2 (ii) 1/4 (iii) 1/8

(iv) 1/3 (v) 2/3 (vi) 1/6

CamScanner

(5)

جد صحیح وہ ہے جس کی میت کی طرف نسبت میں ماں داخل نہ ہو مثلاً دادا دادا کی میت کی طرف نسبت میں ماں داخل نہیں ہوگی لہٰذا یہ جد صحیح ہے

(6)

اخیافی بہن بھائیوں کے تین (۳) احوال ہیں

(i) سدس (ii) ثلث (iii) محرومیت

(7)

ہر وہ مرد جس کی میت کی طرف نسبت کرتے وقت درمیان میں عورت نہ آئے عصبہ بنفسہ کہلاتا ہے

(8)

حجب کا لغوی معنی روکنا ہے

اس کی دو اقسام ہیں (i) حجب نقصان (ii) حجب حرمان

حجب نقصان :- اس کا مطلب یہ ہے کہ ایک شخص کا وراثت سے زیادہ حصہ بنتا تھا لیکن کسی دوسرے شخص کی موجودگی کی وجہ سے اس کے حصے میں کمی ہوتی ہے

حجب حرمان :- اس کا مطلب یہ ہے کہ ایک شخص کا وراثت میں حصہ بنتا تھا لیکن کسی دوسرے شخص کی موجودگی کی وجہ سے اسے وراثت میں سے کچھ بھی نہیں ملے گا حجب حرمان کہلاتا ہے

(9)

اپنے کسی عمل یا وصف کی وجہ سے مکمل طور پر محروم رہنے والا شخص جیسے کافر قاتل یا غلام کسی دوسرے کے لیے حاجب نہیں بن سکتا نہ نقصان نہ حاجب حرمان یہ احناف اور عام صحابہ کے نزدیک ہے جب کہ عبداللہ بن مسعودؓ کے نزدیک ایسا شخص حاجب نقصان تو ہو سکتا ہے حاجب حرمان نہیں ہو سکتا

(10)

اگر فریق اول کا ایک سے زیادہ حصے فریق ثانی کا تمام یا کسی بھی حصے سے ملے تو فریق اول میں جو کم فرضی حصہ ہے اس کا اعتبار کیا جائے گا جیسے فریق اول کا 1/2 اور 1/4 فریق ثانی کا 1/3 سے ملے تو 1/4 سمجھا جائے گا مسئلہ 12 سے بنے گا

(11)

کل مخارج سات ہیں اور وہ یہ ہیں

24 - 12 - 8 - 6 - 4 - 3 - 2

اور ان میں عول نہیں آتا ہے

8 - 4 - 3 - 2

(12)

تداخل :- چھوٹا عدد بڑے عدد کو پورا پورا تقسیم کرے

جیسے 3 اور 6 اور 8 اور 16

تباین :- دو عدد نہ ایک جیسے ہوں نہ بڑے کو چھوٹا تقسیم کرے اور نہ ہی کوئی تیسرا ان دونوں کو تقسیم کرے تباین کہلاتا ہے جیسے 9 اور 10

(13)

تصحیح :- کوئی ایسا طریقہ کرنا کہ سہام یعنی حصے ورثاء میں پورے پورے تقسیم ہو جائیں تصحیح کہلاتا ہے

پہلا قاعدہ :- اگر رؤوس اور سہام کے درمیان نسبت تماثل کی ہو تو کسی ضرب تقسیم کی ضرورت نہیں اور اگر تداخل کی نسبت ہو پھر بھی کسی تقسیم کی ضرورت نہیں ہے

(14)

ورثاء میں سے بعض کو میت کے ترکہ سے معین چیز دے کر نکالنے پر مصالحت کرنا تخارج کہلاتا ہے

(15)

اگر ذوی الفروض کو حصے دینے کے بعد اگر مال بچ جائے تو احناف اور اکثر صحابہ کے نزدیک دوبارہ ذوی الفروض پر مال کو لٹا دیا جائے گا اور زید بن ثابت شوافع حنابلہ کے نزدیک مال کو بیت المال میں جمع کروا دیا جائے گا

(16)

ذوی الارحام کی قسم اول سے مراد میت کی اولاد ہے
جہاں اولاد سے مراد بیٹیوں یا پوتیوں کی اولاد ہے
اصول (i) میراث کا زیادہ مستحق وہ ہے جو میت کے زیادہ قریب ہے
اصول (ii) اگر قرب میں برابر ہیں تو وارث کی اولاد مستحق ہوگی

(17)

خنثیٰ کو مذکر و مونث مان کر دونوں طریقوں سے مسئلہ حل کیا جائے گا اور جس صورت میں کم حصہ ملتا ہو اسے اختیار کیا جائے گا

(18)

امام اعظم کے نزدیک حمل کی زیادہ سے زیادہ مدت دو سال ہے کم از کم مدت چھ ماہ ہیں

(19)

امام اعظم کے نزدیک مدت (120) سال ہے
امام محمد کے نزدیک مدت (110) سال ہے
امام ابو یوسف کے نزدیک مدت (105) سال ہے

(20)

جو حالت ارتداد میں کمایا امام اعظم کے نزدیک مال بیت المال میں رکھ دیا جائے گا اور جو ~~حالت~~ حالت اسلام میں کمایا وہ مسلمان ورثاء میں تقسیم ہوگا صاحبین کے نزدیک دونوں حالتوں کا مال مسلمان ورثاء میں تقسیم کیا جائے گا